# والدین/نگرانوں کے لیے سکول کے دورے کے متعلق معلومات
# Excursion information for parents/carers

محترم والد/والدہ/نگران

آپ کے بچے کی کلاس کے لیے ایک دورے کی منصوبہ بندی کی جا رہی ہے تاکہ کمرۂ جماعت میں کیے جانے والے کام سے متعلقہ کام کیا جائے۔ دورے کی تفصیلات مندرجہ ذیل ہیں۔

## Excursion details for completion by organising teacher
## دورے کی تفصیلات

| | | | |
|---|---|---|---|
| Place of excursion<br>دورے کا مقام | | Date/s of excursion<br>دورے کی تاریخ/تاریخیں | |
| Place of departure<br>روانگی کا مقام | | Time of departure<br>روانگی کا وقت | |
| Place of return<br>واپسی کا مقام | | Time of return<br>واپسی کا وقت | |
| Cost of excursion<br>دورے کا خرچ | | Payment due date<br>ادائیگی کی آخری تاریخ | |
| Excursion objectives<br>دورے کے مقاصد | | | |
| Transport details<br>ٹرانسپورٹ کی تفصیلات | | | |
| Staff member with emergency care training<br>ہنگامی صورتحال میں نگہداشت کی تربیت رکھنے والا عملے کا رکن | | | |
| Staff member with Cardio Pulmonary Resuscitation (CPR) training<br>حرکت قلب اور سانس بحال کرنے(CPR) کی تربیت رکھنے والا عملے کا رکن | | | |
| Other supervisory staff<br>دیگر نگران عملہ | | | |

Teacher to tick what students need to bring

طالبعلموں کو اس دورے میں مندرجہ ذیل چیزیں ساتھ لانی ہوں گی

- ☐ تیراکی کا لباس، تولیہ اور پلاسٹک بیگ
  Swimsuit, towel and plastic bag
- ☐ واٹرپروف لباس جیسے برساتی کوٹ
  Waterproof clothing e.g. raincoat
- ☐ بدلنے کے لیے کپڑے
  Change of clothing
- ☐ گرم کپڑے
  Warm clothing
- ☐ دھوپ سے بچاؤ کا ہیٹ اور سن سکرین
  Sunhat and sunscreen
- ☐ گھر سے سنیکس، لنچ اور مشروب ساتھ لائیں
  Bring snacks, lunch and drink from home
- ☐ دورے کے دوران لنچ خریدا جا سکتا ہے
  Lunch can be bought during the excursion
- ☐ دورے کی قیمت میں لنچ کی قیمت شامل ہے
  Cost of lunch is included in excursion cost
- ☐ مکمل سکول یونیفارم
  Full school uniform
- ☐ دیگر
  Other ________

اس دورے کی دیگر سرگرمیوں پر نیچے ٹک کا نشان لگایا گیا ہے اور، اگر اس کا سوال اٹھتا ہو تو، اگلے صفحات پر مزید معلومات فراہم کی گئی ہیں

Teacher to tick any other activities involved in this excursion

- ☐ کوئی دوسری سرگرمیاں نہیں
  No other activities
- ☐ فضائی سفر
  Travel by air
- ☐ ٹریول انشورنس
  Travel insurance
- ☐ تیرنے کی سرگرمی
  Swimming activity
- ☐ پانی کی سرگرمی
  Water activitiy
- ☐ رات کے قیام کے ساتھ دورہ
  Overnight excursion

## رات کے قیام کے ساتھ دورے کے متعلق معلومات (Overnight excursion advice)

رات کے قیام کے ساتھ دوروں کے لیے مندرجہ ذیل اضافی معلومات فراہم کی جاتی ہیں۔

Teacher to complete if relevant. Consider adding advice on the number of students and teachers who will be attending and if protective or special equipment will be required.

قیام کی بکنگ کہاں کی گئی ہے (Where accommodation is booked)

اضافی معلومات (Additional information)

## ٹریول انشورنس کے متعلق معلومات (Travel insurance advice)

ڈیپارٹمنٹ کا مشورہ ہے کہ والدین/نگران ان دوروں کے لیے طالبعلموں کی ٹریول انشورنس کروائیں جن میں فضائی سفر ہوتا ہے۔

## تیرنے کی سرگرمی کے متعلق معلومات (Swimming activity advice)

جن دوروں میں تیرنے کی سرگرمیاں شامل ہوں، والدین/نگرانوں کو انگلش میں 'تیرنے کی سرگرمی کے متعلق معلومات کا فارم' مکمل کرنا ہو گا جس میں وہ اپنے بچے کی تیرنے کی قابلیت سے آگاہ کریں گے اور یہ فارم سکول کو لوٹانا ہو گا۔ یہ فارم یہ معلومات دیتا ہے کہ کن قسموں کی تیرنے کی سرگرمیاں ہوں گی، یہ سرگرمیاں کہاں ہوں گی اور آیا ان میں شرکت کے لیے رضامندی دی جا رہی ہے۔ نیچے سکول ان طالبعلموں کے لیے فلوٹیشن کے آلات کے متعلق معلومات دے رہا ہے جنہیں پانی میں مدد کی ضرورت ہے۔

اگر یہ متعلقہ ہو تو، فلوٹیشن کے یہ آلات فراہم کیے جائیں گے

Types of flotation devices to be provided by the school and how they will be used

## پانی کی سرگرمی کے متعلق معلومات (Water activity advice)

جن دوروں میں پانی کی سرگرمیاں شامل ہوں، والدین/نگرانوں کو انگلش میں 'پانی کی سرگرمی کے متعلق معلومات کا فارم' مکمل کرنا ہو گا جن میں وہ اپنے بچے کی تیرنے کی قابلیت سے آگاہ کریں گے اور یہ فارم سکول کو لوٹانا ہو گا۔ یہ ایک احتیاطی اقدام ہے۔ اگرچہ تیرنے کی سرگرمیوں کا کوئی منصوبہ نہیں ہے، طالبعلم حادثاتی طور پر پانی میں گر سکتا ہے۔ یہ فارم یہ معلومات دیتا ہے کہ کن قسموں کی پانی کی سرگرمیاں ہوں گی، یہ سرگرمیاں کہاں ہوں گی اور آیا ان میں شرکت کے لیے رضامندی دی جا رہی ہے۔

## پرائیویسی کے متعلق معلومات (Privacy advice)

اس فارم میں جن معلومات کی درخواست کی گئی ہے، وہ NSW ڈیپارٹمنٹ آف ایجوکیشن اکٹھی کر رہا ہے۔ یہ معلومات آپ کے اس بچے کی متعلقہ طبی معلومات، ضروریات اور دیگر صحت کی نگہداشت سے متعلق ضروریات کے متعلق یقینی علم حاصل کرنے کے مقصد سے اکٹھی کی جا رہی ہیں جو اس وقت اس سکول میں داخل ہے اور جس کے ان سکول کے دوروں، کھیل کی سرگرمیوں یا دیگر تعلیمی یا سکول کی سرگرمیوں میں شامل ہونے کا امکان ہے جو یہ سکول انجام دے یا جو اس سکول کے اشتراک سےانجام دی جائیں۔

سکول ان معلومات کو سکول کے دوروں یا دوسری متعلقہ سرگرمیوں کی منصوبہ بندی، طالبعلموں کی مدد اور خطرات کم سے کم رکھنے کے لیے استعمال کرے گا۔

یہ معلومات جن دوسرے افراد یا اداروں کو فراہم کی جا سکتی ہیں، ان میں رضاکار اور بیرونی اداروں کے افراد شامل ہیں جو سکول کے ساتھ کام کرتے ہیں یا جو دیگر طور پر دورے، کھیل یا سکول کی دیگر سرگرمی کی منصوبہ بندی یا انجام دہی میں شامل ہیں؛ اور وہ افراد بھی جنہیں ایسے دوروں یا سرگرمیوں کے دوران یا ان کے نتیجے میں علاج یا دیگر مدد کے لیے بلایا جائے، لیکن معلومات کی فراہمی صرف انہی افراد یا اداروں تک محدود نہیں۔

یہ معلومات دینا آپ کی مرضی پر منحصر ہے تاہم اگر آپ تمام یا کچھ مطلوبہ معلومات فراہم نہ کریں تو آپ کا بچہ دورے میں شریک نہیں ہو سکتا۔ ان حالات میں سکول ایک ٹھوس متبادل تعلیمی تجربہ فراہم کرے گا۔

ان معلومات کی فراہمی سے سکول کو زیادہ محفوظ تعلیمی سرگرمی کی منصوبہ بندی میں بہت مدد ملے گی۔ ان معلومات کو بحفاظت رکھا جائے گا۔ اگر ان معلومات کی فراہمی کے سلسلے میں آپ کو کوئی تشویش ہے تو براہ مہربانی مزید بات کرنے کے لیے سکول کے پرنسپل سے رابطہ کریں۔

آپ کسی بھی وقت مندرجہ ذیل فون نمبر پر سکول آفس سے رابطہ کر کے اپنی دی ہوئی ذاتی تفصیلات میں درستگی کروا سکتے ہیں۔

Teacher to complete the following information

School name ______________________________
سکول کا نام

School phone number ______________________________
سکول کا فون نمبر

Name and signature of excursion coordinator ______________________________
دورے کے کوآرڈینیٹر کا نام اور دستخط

Name and signature of principal ______________________________
پرنسپل کا نام اور دستخط

Date ______________________________
تاریخ

## ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس

اگر آپ کو مزید معلومات کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی سکول کو فون کریں۔ اگر آپ کو اپنا سوال پوچھنے کے لیے انٹرپریٹر (زبانی مترجم) کی ضرورت ہو تو براہ مہربانی 450 131 پر ٹیلیفون انٹرپریٹر سروس کو کال کریں اور ان سے اپنی زبان کا انٹرپریٹر مانگیں۔ آپریٹر سکول کو فون کرے گا اور بات چیت میں آپ کی مدد کے لیے لائن پر انٹرپریٹر مہیا کر دے گا۔ آپ سے اس سروس کا معاوضہ نہیں لیا جائے گا۔